© rasailojaraid.com



# مہتمم دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا مرغوب الرحمٰنؒ کی وفات کے موقع پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا تعزیتی مکتوب

مخدومی حضرت مولانا انوارالرحمٰن صاحب ودیگر پسماندگان و منتظمین ومہتممین دارالعلوم دیوبند حفظھم اللہ تعالیٰ

سلام مسنون! مخدوم العلماء والصلحاء حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے سانحہ وفات کی اطلاع دارالعلوم حقانیہ میں بجلی بن کر گری، ہر طرف غم واندوہ کی فضا چھاگئی، مرحوم اس قحط الرجال میں بقیۃ السلف تھے اور بڑے نازک حالات میں انہوں نے مادر علمی دارالعلوم دیوبند کو ضعف ونقاہت کی حالت میں سہارا دیا اور دارالعلوم کو اللہ تعالیٰ نے ان کے ذریعہ بحرانوں سے نکالا۔ دارالعلوم حقانیہ میں ایصال ثواب اور رفع درجات اور مادر علمی دیوبند کے لئے اس خلاء کی تلافی اور حفاظت وترقی کے لئے دعائیں کی گئیں۔ حضرت مرحوم قدس سرہ کا دارالعلوم حقانیہ اور اس کے بانی شیخ الحدیث مولانا عبدالحق قدس سرہ سابق مدرس دارالعلوم دیوبند اور اس ناچیز کمترین سے نہایت شفقت ومحبت کا تعلق تھا۔ــــ اپریل 2001 میں پشاور میں دارالعلوم دیوبند کانفرنس کے لئے تشریف لائے، تو 11 اپریل کو دیگر اکابر کے ساتھ آپ نے بھی دارالعلوم حقانیہ میں قدم رنجہ فرمایا، اور پیرانہ سالہ اور بیماری کے باوجود دارالعلوم حقانیہ کے وسیع ہال میں طلباء کو خطاب اور درس حدیث سے مشرف فرمایا۔ اس محفل کی روشن اور پاکیزہ یادیں اب بھی تازہ ہیں (جس کی رپورٹ شائع شدہ الحق سے ارسال ہے) ایک بار مکہ مکرمہ کے ایک عالمی اسلامی کانفرنس میں ان کی رفاقت کا موقع ملا۔ اور وہ بے انتہاء عنایات اور توجہات سے نوازتے رہے، ان کی جدائی سے علم وعمل، رشد وہدایت کی دنیا میں ایک بڑا خلاء پیدا ہوا ہے۔ وہ اپنے اوصاف وکمالات کے لحاظ سے اپنے اسلاف واکابر کا جیتا جاگتا نمونہ تھے۔ آج پاکستان کے تمام علمی ودینی حلقوں، دارالعلوم حقانیہ اور جمعیت علماء اسلام سے وابستہ لاکھوں علماء وفضلاء متعلقین وکارکنان اس صدمہ جانکاہ کے غم میں شریک ہیں۔ اور سب دعائے مغفرت اور تعزیت مسنونہ پیش کررہے ہیں۔ براہ کرم یہ عریضہ دارالعلوم دیوبند کے ارباب اہتمام ومتعلقین کی خدمت میں بھی پیش فرمائیں۔

حضرت اقدس مولانا محمد ارشد مدنی زید مجدھم اور نائب مہتمم صاحب اور حضرت مولانا نور عالم خلیل امینی مدظلہ، تمام اساتذہ کرام اور پسماندگان کی خدمت میں مضمون واحد ہے۔ صاحبزادے راشد الحق (مدیر "الحق") اور عزیز مولانا انوار الحق، نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان بھی تعزیت کرتے ہیں۔

والسلام: (مولانا) سمیع الحق

مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، امیر جمعیت علماء اسلام پاکستان

© rasailojaraid.com